اعداد وشمار سے متعلق چند باتیں

''مالی استحکام کا جائزہ'' میں مالی شعبے کے مختلف اجزا کا تجزیہ کیا گیا ہے جو سب اپنے اپنے مالی سال کے مطابق کام کرتے ہیں۔ اس رپورٹ میں جہاں صرف سال لکھا گیا ہے (جیسے 2003ء یا سال 2007ء) وہاں مراد تقویمی سال ہے اور جہاں ''مالی سال'' یا ''م س'' استعمال کیا گیا ہے وہاں مراد یکم جولائی سے 30 جون تک کا عرصہ ہے۔

رپورٹ میں مندرج تجزیہ مالی شعبے کے ہر جز کے پورے سال کے آڈٹ شدہ اعداد وشمار پر مبنی ہے جو زیادہ تر 2007ء ہے کیونکہ بینکوں، بیمہ کمپنیوں اور کارپوریٹ شعبے کے سالانہ آڈٹ شدہ اعداد وشمار آخر دسمبر 2007ء اور غیر بینکی مالی اداروں کے اعداد وشمار آخر جون 2007ء کے ہیں۔ مالی منڈیوں، میوچل فنڈز اور مالی بچتوں کے اعداد وشمار مالی سال یکم جولائی 2007ء سے 30 جون 2008ء (م س08ء) تک کے ہیں۔

اس کے علاوہ جہاں ممکن ہوا تازہ ترین اعداد وشمار حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر 2008ء کی پہلی ششماہی تک کے بینکوں کے اعداد وشمار لیے گئے ہیں اور ایس ای سی پی سے رواں سال کی پہلی ششماہی تک کے غیر بینکی مالی اداروں اور شعبہ بیمہ کے اعداد وشمار حاصل کر کے شامل کر دیے گئے ہیں۔